
گیلپ اور گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 27 جنوری، 2026

## اسلام آباد کے زیادہ تر کاروباری ادارے ایف بی آر (FBR) کے ساتھ اپنے تجربات یا رابطوں کو مثبت قرار دیتے ہیں (45%)، تاہم، تقریبا ایک تہائی کاروباری اداروں نے اپنے تجربات کو منفی قرار دیا (32%)۔







براہِ مہربانی بتائیں کہ درج ذیل اداروں کے ساتھ آپ اپنے تجربات کی درجہ بندی کس طرح کریں گے؟ — ایف بی آر (فیڈرل بورڈ آف ریونیو)؟

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**اسلام آباد کے کمرشل علاقے**

ٹیکس اتھارٹی کے ساتھ تجربات سے متعلق تاثرات

## اسلام آباد کے زیادہ تر کاروباری ادارے ایف بی آر (FBR) کے ساتھ اپنے تجربات یا رابطوں کو مثبت قرار دیتے ہیں (45%)، تاہم، تقریباً ایک تہائی کاروباری اداروں نے اپنے تجربات کو منفی قرار دیا (32%)۔

(گیلپ & گیلانی سروے)


(اسلام آباد، 26 جنوری 2026)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، اسلام آباد کے زیادہ تر کاروباری ادارے ایف بی آر (FBR) کے ساتھ اپنے تجربات یا رابطوں کو مثبت قرار دیتے ہیں (45%)، تاہم، تقریباً ایک تہائی کاروباری اداروں نے اپنے تجربات کو منفی قرار دیا (32%)۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب اسلام آباد کے مختلف کاروباری مراکز میں کاروبار کرنے والوں سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ درج ذیل اداروں کے ساتھ آپ اپنے تجربات کی درجہ بندی کس طرح کریں گے؟—ایف بی آر (فیڈرل بورڈ آف ریونیو)؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 24% کاروباری افراد نے ایف بی آر (فیڈرل بورڈ آف ریونیو) کے ساتھ اپنے تجربات کو "بہت زیادہ مثبت" قرار دیا، جبکہ مزید 21% نے اسے "کسی حد تک مثبت" قرار دیا۔ اس کے علاوہ، 14% نے اپنے تجربے کو "غیر جانبدار یعنی نہ مثبت اور نہ ہی منفی" قرار دیا۔ دوسری جانب، 13% کاروباری افراد نے ایف بی آر کے ساتھ اپنے تجربات کو "کسی حد تک منفی"، جبکہ مزید 19% نے اسے "بہت زیادہ منفی" قرار دیا۔ مزید 9% کاروباری اداروں کا یہ کہنا تھا کہ ایف بی آر کے ساتھ تعاملات اُن پر لاگو نہیں ہوتے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُن کا ایف بی آر کے ساتھ براہِ راست رابطہ محدود یا نہ ہونے کے برابر ہے۔

سروے کے نتائج سے معلوم ہوتا ہے کہ اگرچہ ایف بی آر کے ساتھ رابطوں یا تجربات کے حوالے سے مثبت رائے منفی رائے سے زیادہ ہے، لیکن ایک بڑی تعداد اب بھی مطمئن نہیں ہے، جو کاروباری اداروں کے ساتھ ایف بی آر کے رابطے کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل کوششوں کی ضرورت کو ظاہر کرتا ہے۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ درج ذیل اداروں کے ساتھ آپ اپنے تجربات کی درجہ بندی کس طرح کریں گے؟—ایف بی آر (فیڈرل بورڈ آف ریونیو)؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے اسلام آباد کے مختلف کاروباری مراکز میں کاروبار کرنے والے 432 افراد سے 22 جولائی 2025 تا 14 اکتوبر 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 26 January 2026**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)